Email- info@awamilalkaar.com

MEMBER WUOJ — عوام کی بے ساختہ للکار — ABC Certified

روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی

عوامی للکار

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت — ایڈیٹر انچیف محمد فیصل ندیم

جلد 15 | جمعۃ المبارک، 2 اگست 2024ء، 26 محرم الحرام 1446ھ، قیمت 10 روپے | شمارہ 126

بجلی کا معاملہ پوری قوم اور ہر پاکستانی کا معاملہ ہے، وزیر اطلاعات

آئی پی پیز پر نظر ثانی کے حوالے سے مشاورت اور معاملات چل رہے ہیں، کچھ لوگ اس معاملے کو سیاسی مقاصد کے لیے استعمال کر رہے ہیں، حکومت کا ترجیحی ایجنڈا معاشی اصلاحات ہیں

بجلی کا معاملہ پوری قوم اور ہر پاکستانی کا معاملہ ہے اور آپ کو یاد ہوگا جب 18، 18 گھنٹے لوڈ شیڈنگ ہوتی تھی، جب 2018 میں ہماری حکومت آئی تو لوڈ شیڈنگ کا خاتمہ ہوا، عطا تارڑ

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر اطلاعات و نشریات عطا تارڑ نے کہا ہے کہ آئی پی پیز پر نظر ثانی کے حوالے سے بھی مشاورت اور معاملات چل رہے ہیں، بجلی کا معاملہ پوری قوم اور ہر پاکستانی کا معاملہ ہے، کچھ لوگ اس معاملے کو سیاسی مقاصد کے لیے استعمال کر رہے ہیں، حکومت کا ترجیحی ایجنڈا معاشی اصلاحات ہیں، نیشنل قومی موومنٹ پاکستان (این پی پاکستان) کے رہنما مصطفیٰ (بقیہ نمبر 2 9)

وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز کی ہدایت پر سینئر منسٹر مریم اورنگزیب نے فشریز ایسوسی ایشن کا وفد سے ملاقات کر رہے ہیں

بارشوں کے باعث 3 افراد جاں بحق، 15 زخمی

6 گھروں کو جزوی طور پر نقصان پہنچا، پی ڈی ایم اے کی رپورٹ جاری

مون سون بارشوں کا سلسلہ 6 اگست تک جاری رہنے کا امکان

لاہور (این این آئی) پی ڈی ایم اے پنجاب نے مون سون بارش کے باعث نقصانات پر رپورٹ جاری کر دی۔ رپورٹ کے مطابق گزشتہ 12 گھنٹوں میں بارشوں کے باعث 3 افراد جاں بحق اور 15 زخمی ہوئے جن میں 1 مرد اور 2 بچے شامل ہیں (بقیہ نمبر 3 0)

اپر چترال سیلاب سے تباہی، دو افراد جاں بحق، 50 گھر مکمل تباہ

سورچ تو رکھو گاؤں میں آنے والے سیلاب نے تباہی مچا دی، گاؤں کے گاؤں صفحۂ ہستی سے مٹ گئے

چترال (این این آئی) اپر چترال کے دور افتادہ گاؤں تورکھو سورچ میں سیلاب سے تباہی، دو افراد جاں بحق ایک زخمی 50 گھر مکمل تباہ اور 42 گھرانوں کو جزوی نقصان پہنچا ہے۔ سورچ تورکھو میں بدھ کی صبح قریب 6 بجے (بقیہ نمبر 3 3)

عوامی للکار کی سینیٹری انسپکٹر کیخلاف انکوائری شروع

خبر پر ایکشن

عمران اصغر پر رشوت لینے اور صحافیوں کیساتھ بدسلوکی کی شکایت کے الزامات ہیں

راولپنڈی (عبدالرحمان) ہیلتھ اتھارٹی راولپنڈی نے عوامی للکار کی خبر "پیٹی چک جلال دین میں بدمعاشیہ سے بدبختی خطرناک، ٹیوبل کا بک مکا" اور سینیٹری انسپکٹر عمران اصغر کی صحافیوں سے (بقیہ نمبر 3 2)

فلک جاوید خان کیخلاف کارروائی کیلئے درخواست پر سماعت

لاہور ہائیکورٹ نے ٹوئٹر ایکس سے تفصیلات حاصل کرنے کے لئے ایف آئی اے کے ایس او جاری کرنے کی ہدایت کر دی

لاہور (این این آئی) وزیر اطلاعات پنجاب عظمیٰ بخاری کی پی ڈی آئی کی فلک جاوید خان کیخلاف کارروائی کیلئے لاہور ہائیکورٹ میں درخواست پر سماعت ہوئی۔ عدالت نے ٹوئٹر ایکس سے تفصیلات حاصل کرنے کیلئے ایف ٹی اے (بقیہ نمبر 3 1)

مریم نواز کا ویژن شریمپ فارم پراجیکٹ شروع کرنے کا فیصلہ

وزیر اطلاعات پنجاب عظمیٰ بخاری بارشی پانی کے نکاس کے لئے کئے جانے والے اقدامات سے میڈیا کو بریفنگ دے رہی ہیں

شریمپ فارم کا آغاز اسی سال ہوگا، ایک ہزار ایکڑ پر سوٹن سے زائد شریمپ فارمنگ کی جائیگی، فشریز اور شریمپ فارمنگ کیلئے ریسرچ پراجیکٹ شروع کرنے کا اصولی فیصلہ

وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی کاوشیں ثمر آور ثابت ہوں گی، شریمپ فارمنگ پراجیکٹ شروع کرنے پر فشریز فارمز ایسوسی ایشنز کا وزیر اعلیٰ کو خراج تحسین

فشریز اور شریمپ فارمنگ گیم چینجر پراجیکٹ ہوگا، وزیر اعلیٰ مریم نواز کی ہدایت پر پرائیویٹ سیکٹر کی معاونت کی جائے گی، سینئر وزیر مریم اورنگزیب

وزیر اعلیٰ مریم نواز کی ہدایت پر سینئر منسٹر مریم اورنگزیب سے فشریز فارمز ایسوسی ایشنز کے وفد کی ملاقات، بھرپور تعاون کی یقین دہانی

لاہور (این این آئی) وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف کے وژن کے مطابق ملک کا سب سے بڑا شریمپ فارم قائم کرنے کے پراجیکٹ کا آغاز اسی سال کے سرکی تک ہوگا جس میں ایک ہزار ایکڑ پر سوٹن فن سے زائد شریمپ فارمنگ کی جائیگی۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف کی ہدایت پر فشریز اور شریمپ فارمنگ کے متعلق پنجاب حکومت سمندر بدامانی اور دیگر ضروری سہولیات فراہم کرے گی۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف کی ہدایت پر سینئر منسٹر مریم اورنگزیب نے پنجاب میں مچھلی پالنے کیلئے فارمز ایسوسی ایشنز کا وفد سے ملاقات کی۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف کی ہدایت پر فشریز اور شریمپ فارمنگ کی جائیگی (بقیہ نمبر 4 3)

خاتون نے پہلے بچوں پر فائرنگ کی، پھر خود کو گولی مار کر زندگی ختم

کرک (این این آئی) کرک کے دور افتادہ علاقے موسیٰ خیل میں خاتون نے پہلے بچوں پر فائرنگ کی، خود کو گولی مار کر زندگی ختم کرلی۔ پولیس ترجمان (بقیہ نمبر 3 5)

وزیر اعلیٰ مریم نواز کا متعلقہ اداروں کو الرٹ رہنے کا حکم

گلی محلوں اور سڑکوں سے بارش کے پانی کی نکاسی کا آپریشن جلد مکمل کیا جائے

لاہور (آئی آئی پی) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز نے موسلا دھار بارش کے پیش نظر متعلقہ محکموں کو الرٹ رہنے کا حکم دے دیا۔ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز نے انتظامی افسروں اور دیگر عملے کو فیلڈ میں پہنچنے کی ہدایت کرتے ہوئے لاہور اور دیگر شہروں میں بارش کی جلد (بقیہ نمبر 3 4)

خطرناک دہشتگردوں کے سر کی قیمت میں اضافے کا فیصلہ

خطرناک دہشت گردوں کی سرکوبی کیلئے بھاری انعامی رقم رکھی جائے گی، خطرناک مجرمان کی سر کی قیمتوں میں اضافہ کئی سال سے زیر التوا تھا

سنگین جرائم میں ملوث مجرمان اور دہشت گرد کسی رعایت کے مستحق نہیں، وزیر داخلہ محسن نقوی

لاہور (این این آئی) محکمہ داخلہ پنجاب نے خطرناک دہشت گردوں کے سر کی قیمت میں اضافے کا فیصلہ کرلیا۔ ترجمان محکمہ داخلہ پنجاب کے مطابق خطرناک دہشت گردوں کی سرکوبی کیلئے بھاری انعامی رقم رکھی جائے گی، خطرناک مجرمان کی سر کی قیمتوں میں اضافہ کئی سال سے زیر التوا تھا۔ ترجمان نے کہا کہ سنگین جرائم میں ملوث مجرمان اور دہشت گردکسی رعایت کے مستحق نہیں، دہشت گردوں اور (بقیہ نمبر 5 0)

گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خان کے ساتھ انٹیگریٹڈ فرنکن کیٹ اپارٹمنٹ کا معائنہ شب قدر 15 گولڈ میڈلز جیتنے والی باصلاحیت بیٹی کیلئے بھرپور تعاون کا یقین دلایا، ورلڈ کپ ٹیم کا بیلا رانی، نگہ پنجاب کے نائب صدر کی تبدیلی میں ملاقات کے موضوع پر گریب ڈوٹ

فوج پی ٹی آئی میں بات چیت ہو تو کوئی پریشانی نہیں، حسن اقبال

امریکہ میں 9 مئی ہونا تو پی ٹی آئی کیخلاف کارروائی ہوتی، عمران خان چاہتے ہیں اسٹیبلشمنٹ گھوڑے پر سوار رہے وزیر اعظم ہاؤس پہنچائے

عمران خان کا طرز سیاست تضادات سے بھرا ہوا، عمران خان ایک طرف سول بالادستی اور ساتھ ہی فوج کو مداخلت کی دعوت دیتے ہیں

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر منصوبہ بندی وترقی احسن اقبال نے کہا ہے کہ فوج سے کس بات پر مذاکرات کرتے ہیں، عمران خان فوج کو سیاست میں مداخلت کی دعوت دے رہے ہیں، پاکستان تحریک انصاف پر پابندی لگے یا نہ لگے ایک بات طے ہے کہ پی ٹی آئی کی سیاست پاکستانی ریاست (بقیہ نمبر 3 6)

بجلی کا بھاری بل آنے پر پریشان نوجوان نے خودکشی کرلی

ٹیکسلا (این این آئی) ٹیکسلا تھانے کی حدود میں ڈھوک سادو کے علاقے میں بجلی کا بھاری بل ادا نہ کرنے پر ایک شخص نے پنکھے سے لٹک کر خودکشی کرلی۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق نامعلوم ذرائع نے بتایا کہ دو بچوں کا باپ ملک طاہر گزشتہ چار ماہ سے بے روزگار تھا اور بجلی کے بل کی مد میں ماہانہ رقم ادا کرنے کیلئے پریشان تھا۔ ذرائع کا کہنا تھا کہ بل کی ادائیگی نہ (بقیہ نمبر 3 7)

راولپنڈی، مریم کے علاقے میں کارگر فریجر پانی کرنے میں مصروف ہیں

آئی ایم ایف سے چھٹکارے کیلئے اصلاحات ناگزیر ہیں، محمد اورنگزیب

ٹیکس نے پاکستان کی ریٹنگ کو بہتر کیا ہے مرکزی بینک نے شرح سود میں کمی کی ہے

معیشت میں کردار ادا کرنے کیلئے نجی شعبے کی حوصلہ افزائی کی جا رہی ہے، وفاقی وزیر خزانہ

اسلام آباد (اے ایف پی) وفاقی وزیر خزانہ محمد اورنگزیب نے کہا ہے کہ آئی ایم ایف سے چھٹکارے کیلئے اصلاحات ناگزیر ہیں۔ وزیر اعظم شہباز شریف کی قیادت میں ملک معاشی استحکام کی جانب گامزن ہے، معیشت ہے۔ معاشی اصلاحات سے ہی ملک ترقی کرے گا، پرائیویٹ سیکٹر کو آگے آنا ہوگا۔ اسلام آباد میں تقریب سے خطاب کرتے ہوئے محمد اورنگزیب نے کہا کہ معیشت میں کردار ادا کرنے کیلئے نجی شعبے کی حوصلہ افزائی کی (بقیہ نمبر 44)

لاہور میں کوئی رین ایمرجنسی نہیں لگائی گئی، پنجاب حکومت

شہر بھر میں نمیں متحرک، وزیر اعلیٰ مریم نواز نے نکاسی آب کی خود نگرانی کی، عظمیٰ بخاری

لاہور (این این آئی) وزیر اطلاعات پنجاب عظمیٰ بخاری نے کہا ہے کہ لاہور میں کوئی رین ایمرجنسی نہیں لگائی، وزیر اطلاعات پنجاب مریم نواز کی ہدایات کے مطابق (بقیہ نمبر 5 1)

سیکرٹری ایمرجنسی سروسز ڈاکٹر رضوان نصیر پنجاب کے تمام اضلاع کے ڈپٹی کمشنرز کو ہدایات جاری کر رہے ہیں

پی ٹی سی ایل کا انٹرنیٹ سسٹم مکمل بحال کرنے کا اعلان

ملک بھر میں پی ٹی سی ایل نیٹ ورک پر ڈیٹا سروس مکمل بحال ہو چکی ہیں، ترجمان

اسلام آباد (این این آئی) ملک کے مختلف حصوں میں پی ٹی سی ایل کے انٹرنیٹ سسٹم میں پیدا ہونے والی رکاوٹ کو دور کرکے سروس مکمل بحال کر دی گئی ہے۔ ترجمان پی (بقیہ نمبر 52)

اسماعیل ہنیہ کا اس طرح قتل امت مسلمہ کیلئے بڑا چیلنج ہے، خواجہ آصف

اسلام آباد (اے ایف پی) وفاقی وزیر دفاع خواجہ آصف نے کہا ہے کہ اسماعیل ہانیہ کا اس طرح قتل کیا جانا امت مسلمہ کیلئے بڑا چیلنج ہے۔ اپنے ایک بیان میں خواجہ آصف کا کہنا ہے کہ ایران میں طلف برداری کرتے ہیں شرکت کے بعد اسماعیل ہانیہ کو شہید کیا گیا، امریکا میں جس طرح اسرائیلی (بقیہ نمبر 4 5)

پشاور، وزیر خوراک طاہر شاہ وفاقی سیفٹی لیبارٹری کا دورہ کر رہے ہیں

ڈھرنے کا ساتواں روز، حکومت ہمارے مطالبات سے بھاگ رہی ہے، حافظ نعیم

حکومت کو دو دن دیئے ہیں، مطالبات پر کوئی پیش رفت نہ دکھائی تو ساری بات چیت دھرنے میں میڈیا کے سامنے ہوگی

قوم کو بتائیں آپ کو اخراجات کم کرنے میں کیا پریشانی ہے، کسی کو دھوکہ دینے کی کوشش نہیں کرنے دیں گے، امیر جماعت اسلامی

لاہور (این این آئی) امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمٰن نے کہا ہے کہ حکومت کو دو دن دیئے ہیں، مطالبات پر حکومت انہوں نے کوئی پیش رفت نہ دکھائی تو ساری بات چیت دھرنے میں میڈیا کے سامنے ہوگی، قوم کو بتائیں آپ کو اخراجات کم کرنے میں کیا پریشانی ہے، کسی کو دھوکہ دینے کی کوشش نہیں کرنے دیں گے، مطالبات نہ مانے گئے تو یہ تحریک حکومت گراؤ تحریک میں بدل جائے گی، کوئی خلاف (بقیہ نمبر 3 8)

پی ٹی آئی کو 22 اگست کو اسلام آباد جلسے کی اجازت

پی ٹی آئی جلسے کی اجازت نہ دینے پر توہین عدالت کی درخواست پر سماعت ہوئی

اسلام آباد (این این آئی) ضلعی انتظامیہ نے پی ٹی آئی 22 اگست کو اسلام آباد جلسے کی اجازت دے دی۔ اسٹیٹ کونسل نے اسلام آباد ہائیکورٹ کو آگاہ کردیا۔ پی ٹی آئی جلسے کی اجازت نہ دینے پر توہین عدالت کی درخواست پر سماعت ہوگی۔ سماعت (بقیہ نمبر 4 6)

ڈاکوؤں کی اندھا دھند فائرنگ، تعینات تین پولیس اہلکار شہید

پولیس کی بکتر بند گاڑیاں ڈاکوؤں کے تعاقب میں کچے کی جانب روانہ

صادق آباد (این این آئی) صادق آباد میں تھانہ بھونگ کے حدود کچہ بچھاؤ بند پر قائم پولیس چوکی پر ڈاکوؤں نے اندھا دھند فائرنگ کردی، فائرنگ سے چوکی پر تعینات تین پولیس اہلکار شہید ہوگئے۔ تفصیلات کے مطابق شہید ہونے والے جہانگیر، امتیاز، اور طارق (بقیہ نمبر 4 7)

بادامی باغ سبزی منڈی بارش کے پانی میں ڈوبی ہوئی ہے

بجلی کی قیمت میں 2 روپے فی یونٹ کمی آسکتی ہے

بجلی گھروں کے قرضے ری پروفائل کرنے کا کہا تھا، ایسا ہوا تو بجلی کی قیمت ضرور کم ہوگی، اویس لغاری

تین سی پیک پلانٹس بیرون ملک سے مہنگا کوئلہ خرید کر بجلی بناتے ہیں، وفاقی وزیر برائے پاور ڈویژن

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر برائے پاور ڈویژن اویس لغاری نے کہا ہے کہ زیادہ بجلی میں چینی حکام کو پاکستان میں اپنے بجلی گھروں کے قرضے ری پروفائل کرنے کا کہا تھا، ایسا ہوا تو بجلی کی قیمت ضرور کم ہوگی۔ ایک انٹرویو میں انہوں نے کہا کہ بجلی کی قیمتوں میں کمی کیلئے بجلی گھروں اور قرضے ری پروفائل کرنے کا کہا تھا، ایسا ہوا تو بجلی کی قیمت ضرور کم ہوگی۔ ایک انٹرویو میں انہوں نے کہا کہ تین سی پیک پلانٹس بیرون ملک سے مہنگا کوئلہ خرید کر بجلی بناتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ تین (بقیہ نمبر 5 3)

کمالیہ، موٹر سائیکل سوار ٹرالی کیساتھ ٹکرا کر جاں بحق

کمالیہ (این این آئی) موٹر سائیکل سوار ٹرالی کے ساتھ ٹکرا کر جاں بحق تفصیل کے مطابق کمالیہ کے محلہ فاضل دیوان کا رہائشی عبدالرزاق زرگر موٹر سائیکل پر سوار ہو کر چوک سے کمالیہ اپنے گھر آرہا تھا کہ رات میں ٹریکٹر ٹرالی کے ساتھ جا ٹکرایا جس سے دونوں کی تاب نہ ذاتے ہوئے جان بحق ہو گیا مرحوم کی نماز جنازہ ادا کیے جانے کے بعد آبائی قبرستان میں (بقیہ نمبر 3 9)

انقرہ، ترکیہ کے شہر قونیہ میں سید جلال الدین رومی کے مزار میں شہید اسماعیل ہنیہ کی غائبانہ نماز جنازہ ادا کی جارہی ہے

4 اعلیٰ افسروں کے تقرر و تبادلوں کے احکامات جاری

لاہور (این این آئی) پنجاب حکومت نے 4 اعلیٰ افسروں کے تقرر و تبادلوں کے احکامات جاری کر دیئے۔ گریڈ 20 کے افسر کیپٹن صفدر صدیقی کو ڈائریکٹر جنرل پنجاب ویلفیئر فاؤنڈیشن تعینات، تقرری کے منتظر گریڈ 19 کے افسر نعمان یوسف کو چیئرمین پنجاب ریونیو اتھارٹی تعینات، چیئرمین پنجاب ریونیو اتھارٹی محمد جاوید بدر کی پنشن پر 3 ماہ کی توسیع کرتے ہوئے انہیں کمشنر گوجرانوالہ تعینات کر دیا گیا۔ جبکہ گریڈ 20 کے افسر مہر (بقیہ نمبر 4 1)

کمشنر لاہور نے لاہور میں رین ایمرجنسی نافذ کر دی

لاہور میں تمام دفاتر کو چھٹی کر دی گئی، تمام دفاتر، سکول بند

لاہور (اے ایف پی) کمشنر لاہور نے لاہور میں رین ایمرجنسی نافذ کر دی، لاہور میں تمام دفاتر کو چھٹی کر دی گئی، تمام دفاتر، سکول بند، آئی جی پنجاب بھی متحرک ہو گئے، اہم ہدایات جاری کرتے کہا کہ پیرا ڈائزری افسران بارش زدہ علاقوں میں امدادی سرگرمیاں مانیٹر کریں۔ تفصیلات کیمطابق کمشنر لاہور نے ہدایات کر دیا کہ شہریوں کو بارش سے بچنے کیلئے لوگ سڑکے پر نہ کریں، بارش کی وجہ سے جس کو گھروں سے باہر مت نکلنے دیں، کمشنر لاہور زید بن مقصود نے دماہیلا ٹاسن کا دورہ بھی کیا جہاں ایم ڈی واسا غضنفر احمد نے نکاسی آب آپریشن سے متعلق تفصیلی بریفنگ دی، شہر میں ہونے والی موسلا دھار بارش کا (بقیہ نمبر 4 0)

چیئرمین سینیٹ کی تہران میں فلسطینی رہنما کے قتل کی مذمت

فلسطینی قوم اور اہل خانہ سے اظہار تعزیت

سید یوسف رضا گیلانی کی تعزیت

اسلام آباد (این این آئی) چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی نے تہران میں فلسطینی رہنما کے قتل کی مذمت کرتے ہوئے اس پر پوری فلسطینی قوم اور مقتول رہنما کے اہل خاندان سے تعزیت کا اظہار کیا ہے۔ سینیٹ سیکرٹریٹ سے جاری بیان کے مطابق انہوں نے کہا کہ پاکستان کے عوام دہشت گردی سے سب سے زیادہ متاثر ہوئے ہیں اور اس کے منفی (بقیہ نمبر 5 4)

قومی اسمبلی، اسماعیل ہنیہ کے قتل کی مذمتی قرارداد جمع

اسرائیلی مہم جوئی پر شدید تشویش کا اظہار، دہشت گردی کی مذمت

اسلام آباد (انٹرنیٹ) حماس سربراہ اسماعیل ہنیہ کے قتل کیخلاف مذمتی قرارداد قومی اسمبلی میں جمع کرادی گئی۔ قرارداد میں خطے میں بڑھتی ہوئی اسرائیلی مہم جوئی پر شدید تشویش کا اظہار کرتے ہوئے دہشت گردی کی (بقیہ نمبر 5 6)

چیف سیکرٹری پنجاب زاہد زمان لنکاسی آپ کا جائزہ لینے کیلئے شیرکوٹ دورہ کر رہے ہیں

راولپنڈی میں لڑکی اسکوٹی چلاتے ہوئے برساتی نالے میں جا گری

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی میں لڑکی اسکوٹی چلاتے ہوئے برساتی نالے میں جا گری۔ ریسکیو ٹیم کے مطابق راولپنڈی کی نجی یونیورسٹی کی طالبہ برساتی نالے میں ڈوب گئی۔ حکام کے مطابق لڑکی اسکوٹی چلاتے ہوئے برساتی نالے میں (بقیہ نمبر 5 5)

گردھاما میں نہاتے ہوئے دو بچے تالاب میں ڈوب کر جاں بحق

گردھاما (این این آئی) گردھاما میں نہاتے ہوئے دو بچے تالاب میں ڈوب کر جاں بحق ہو گئے۔ بتایا گیا کہ تالاب میں ڈوب کر جاں بحق ہونے والے بچوں کی اس طرح اچانک موت پر علاقہ میں کہرام مچ گیا۔ ذرائع کے مطابق گردھاما میں آباد روڈ پر سلطون کرینک مارکیٹ کے پیچھے 110 جنوبی آبادی رواں (بقیہ نمبر 5 7)

نارووال، برساتی نالے میں طغیانی آنے سے نوجوان ڈوب گیا

نارووال (این این آئی) برساتی نالے میں طغیانی آنے سے نوجوان ڈوب گیا۔ بتایا گیا ہے کہ دوران کے قریب گاؤں پکھوال سلیمیاں کا سولہ سالہ لڑکا دوبیب برساتی نالے میں نہاتے ہوئے طغیانی آنے کے باعث ڈوب گیا۔ اطلاع ملتے ہی دا فرد ریسکیو ٹیم نے موقع پر پہنچ کر نوجوان کی تلاش کے لیے دا فرد ریسکیو (بقیہ نمبر 5 8)

اپر چترال، گلیشیر پھٹنے سے سیلاب، 2 افراد جاں بحق

45 گھر تباہ، مویشی بہہ گئے، فصلیں، باغات تباہ ہو گئے

اپر چترال (انٹرنیٹ) اپر چترال میں گلیشیر پھٹنے کے باعث سیلاب آنے سے 2 افراد جاں بحق جبکہ 45 مکانات تباہ ہو گئے۔ تفصیلات کے مطابق اپر چترال میں گلیشیر پھٹنے کے نتیجے میں سیلاب آنے سے دو افراد جاں بحق اور 45 مکانات تباہ ہو گئے جبکہ (بقیہ نمبر 4 8)

پی ٹی آئی کارکن احمد وقاص کو جوڈیشل ریمانڈ پر جیل بھیج دیا گیا

ابھی تک پیشرفت نہیں ہو سکی کیونکہ ملزم نے تعاون نہیں کیا، استغاثہ

اسلام آباد (این این آئی) ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن کورٹس اسلام آباد نے پی ایٹک کے تحت درج مقدمے میں پی ٹی آئی کارکن شمل میڈیا کو آرڈر نہ دینے کیس میں ملزم احمد وقاص جنجوعہ کو جوڈیشل ریمانڈ پر جیل بھیج دیا۔ پولیس ہیڈ کوارٹر عباس شاہ نے کیس کی سماعت کی۔ ایف آئی (بقیہ نمبر 4 9)

گیس چوروں کیخلاف آہنی ہاتھوں سے نمٹنے کا سلسلہ جاری

پنجاب، خیبر پختونخواہ اور اسلام آباد میں مزید 62 گیس کنکشن منقطع، 12 لاکھ سے زائد کے جرمانے عائد

لاہور میں، نیم نے گیس کے غیر قانونی استعمال پر 1 جبکہ کمپریسر کے استعمال پر 2 گیس کنکشن منقطع کیے

لاہور (نمائندہ عوامی للکار) سوئی ناردرن گیس پائپ لائنز لمیٹڈ (SNGPL) نے پنجاب، خیبر پختونخواہ اور اسلام آباد میں گیس چوری کے خلاف جاری کریک ڈاؤن کے دوران مزید 62 غیر قانونی گیس کنکشن منقطع کر دیے ہیں اور 12 لاکھ روپے سے زائد کے جرمانے عائد کیے۔ لاہور میں، نیم نے گیس کے غیر قانونی استعمال پر 1 جبکہ کمپریسر کے استعمال پر 2 گیس کنکشن منقطع کیے۔ پشاور اور کرک میں، نیم نے گیس کے غیر قانونی استعمال پر 26 جبکہ کمپریسر کے استعمال پر 1 گیس کنکشن منقطع کیا، اور 16 لاکھ 40 ہزار روپے کے جرمانے عائد کیے۔ مردان میں، نیم نے گیس کے غیر قانونی استعمال پر 15 گیس کنکشن منقطع کیے اور 16 لاکھ روپے سے زائد کے جرمانے عائد کیے۔ اسلام آباد میں، نیم (بقیہ نمبر 4 2)

SUI NORTHERN

عوامی للکار
روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی
ناشر: ڈاکٹر اختر حسین ایڈووکیٹ

ایڈیٹوریل پیج

ایڈیٹوریل ایڈیٹر
روبینہ فیصل

سیاسی عدم استحکام کو پاکستانی معیشت کیلئے خطرناک قرار

بین الاقوامی رینکنگ ایجنسی اسٹینڈرڈ اینڈ پورز نے سیاسی عدم استحکام اور انتشار معیشت کے لیے خطرناک قرار دے دیا ہے اور پاکستان کی طویل مدتی کریڈٹ ریٹنگ ٹرپل سی پلس برقرار رکھی ہے۔ پاکستانی معیشت پر جاری ایس اینڈ پی رپورٹ کے مطابق پاکستان کی طویل مدتی ریٹنگ کی آؤٹ لک مستحکم ہے اور گزشتہ ایک سال میں پاکستان کی معاشی صورتحال میں بہتری آئی، مستقبل قریب میں پاکستان کے ڈیفالٹ کرنے کے خطرات کم ہوگئے ہیں۔ رپورٹ کے مطابق آئی ایم ایف سے 7 ارب ڈالر کے نئے قرض پروگرام کے تحت فنڈز حاصل ہوں گے جبکہ سعودی عرب، یو اے ای اور چین کے ساتھ قرضوں کے رول اوور ہونے کا امکان ہے جس سے پاکستان کو اگلے چھ سے 12 ماہ بیرونی مالی ضروریات پورا کرنے میں مدد ملے گی تاہم سیاسی غیر یقینی معاشی کارکردگی اور پالیسی سازی کو متاثر کرسکتی ہے۔ رینکنگ ایجنسی کا کہنا ہے کہ پاکستان میں مہنگائی زیادہ جبکہ مالی حالات تحت ہیں، رواں مالی سال حکومت کی آمدنی کا 50 فیصد سے زائد قرض ادائیگی میں استعمال ہوگا، پاکستان کے غیر ملکی زرمبادلہ ذخائر اضافے کے باوجود کم ہیں لہٰذا زرمبادلہ ذخائر بڑھنے اور مالی صورتحال بہتر ہونے پر پاکستان کی ریٹنگ بہتر ہوسکتی ہے۔ رپورٹ کے مطابق رواں مالی سال معاشی ترقی کی رفتار تقریباً ساڑھے تین فیصد ہوگی۔ 2026 تک فی کس آمدنی 1700 ڈالر سے کم رہے گی اور مالی دباؤ کی وجہ سے حکومت پر سود کے بوجھ میں مزید اضافہ ہوسکتا ہے، پاکستان میں سود کی ادائیگی کی شرح عالمی سطح پر سب سے زیادہ ہے، حکومت آئی پی پیز کے ساتھ قرض شرائط پر از سر نو بات چیت کر رہی ہے اس سے پاکستان پر قرضوں کے بوجھ میں کمی آنے کا امکان ہے۔ رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ مالی استحکام کی کوششیں بلند افراط زر کی وجہ سے متاثر رہیں گی، پاکستان میں سیاسی انتشار کے باعث غیر یقینی صورتحال برقرار رہے گی، جو آئی ایم ایف پروگرام کے تحت ضروری اصلاحات کا نفاذ متاثر کرسکتی ہے، بھارت اور افغانستان کیساتھ مملکت سرحدی کشیدگی بھی معیشت پر اثر ڈال سکتی ہے۔

تحریر: وحید خاکوانی

مقبوضہ جموں وکشمیر، وادی شہدا

5 اگست 2019 مقبوضہ جموں و کشمیر کی تاریخ میں ہمیشہ سیاہ باب کی حیثیت سے یاد رکھا جائے گا جب ہندو توا کے فاشسٹ ایجنڈے پر قائم نریندر مودی کی فاشسٹ حکومت نے جموں و کشمیر کی وہ خصوصی حیثیت ختم کردی جو بھارتی آئین کی دفعہ 370 اور 35 اے کی شکل میں دی گئی تھی۔ عالمی قوانین، اقوام متحدہ کی قراردادوں اور تمام بین الاقوامی ضابطوں کی دھجیاں اڑاتے ہوئے کئے جانے والے اس غیر قانونی اور یک طرفہ بھارتی اقدام کو پانچ سال مکمل ہو گئے ہیں۔ یہ دراصل مقبوضہ جموں و کشمیر پر بھارت کے غاصبانہ اور ناجائز قبضے کو طول دینے اور نسل در نسل اپنے لہو کی قربانیوں سے غلامی قبول کرنے سے انکار کرنے والے بہادر کشمیریوں کے چہرے پر حریت کو سرد کرنے کی ایک اور مکروہ سازش تھی۔

تاریخی اعتبار سے 370 اور 35 اے کی شقیں دراصل بھارت نے اپنے کشمیری راہنماؤں کو دھوکہ دینے کے لئے اپنے آئین میں شامل کی تھیں جنہیں بھارت نواز تصور کیا جاتا تھا۔ اگرچہ مقبوضہ جموں وکشمیر کی واضح اور غالب اکثریت نے ہمیشہ بھارتی ہر چال، ہر چالاکی اور ہر فریب کو مسترد کیا ہے لیکن بھارت نے ان آئینی شقوں کو ایک رکھیل جال بنا کر پھیلا تھا۔ پانچ قوم قائداعظم محمد علی جناح نے اُس زمانے میں ان بھارت نواز کشمیری لیڈروں سے کہا تھا کہ وہ بھارت پر اعتبار کرنے غلطی کر رہے ہیں۔ حضرت قائداعظم محمد علی جناح کی یہ پیشگوئی 7 دہائیوں بعد 5 اگست 2019 اُس وقت پوری ہوئی جب بھارت نے یہ شقیں اپنے آئین سے ختم کردیں۔ مجبور منقی اور فاروق عبداللہ کی آنکھوں سے بہتے آنسو قائداعظم کی دور بین نگاہوں کی صداقت بن گئے۔

5 اگست 2019 تحریک جدوجہد آزادی میں ایک نیا سنگ میل تھا۔ مزاحمت کے بولوں انگیز داستان ایمان افروز بھی ہے اور حریت فکر کا ناقابل فراموش باب بھی۔ یہ پیغام ہے کہ قابض قوت کتنی ہی زیادہ وسائل اور اسلحہ سے اصحابی غلبوں اور جواہر کا مرکب ہے خدائے واحد کی بڑی تخلیقات کے ساتھ ساتھ انسانی یا رکھ کھیاں بھی نظر آتی ہیں جو اتنی ننھی اور چھوٹی ہوتی ہیں کہ ان کے پر سر اور پاں تک دکھائی نہیں دیتے لیکن وہ اپنی ذات میں مکمل ہوتی ہیں اس خالق عظیم کی عظمت ملاحظہ ہو کہ اس نے اِن کی باریک تانگیں اور پر بنانے کے لیے کونا طریقہ یا آلات استعمال کیے ہیں اگر انسان اپنے جسم پر ہی غور کرلے تو خدا کے آگے سجدہ ریز ہو جائے نہ ہم جب قوم اٹھاتے ہیں تو ایک تانگ جسم کا سہارا دیتی ہے اور دوسری آواز بھرتی ہی اس چھوٹے سے عمل میں تقریباً ایک سو آٹھ پٹھے کام کرتے ہیں لیکن اس خدا کی تخلیق پر حیران جائیں کہ ہمیں بالکل بھی احساس نہیں ہوتا کہ پٹھے مزے سے پھیلے اور سکڑے ہمارا جسم کے تمام اعضا ایک دوسرے کے ساتھ مکمل تعاون کرتے ہیں انسان کی بنائی مشین تو اپنی دیکھ بھال اور مرمت کرتی ہے لیکن حیوانی مشین اپنی مرمت اور دیکھ بھال خود بخود کرتی رہتی ہے یہ دو ذوالہ سے دے کر ذوالہ ہی انسانی دماغ کروڑوں پودوں پر باغ میں کوئی پھول اس وقت تک نہیں کھل سکتا اور پھل میں شیرینی نہیں آسکتی جب تک ستاروں کی شعاعوں سے مستفیض نہ ہوں انسان کے معمولات پر اگر غور کریں تو خدا یاد آ جاتا ہے انسان نے اپنے ماہوں کو پلے کے لیقطف لیور بنائے کنویں سے پانی نکا لنے کے لیے تو کمر کی زمین جوتنے کے لیے ہل بنایا کدال درانتی بیلچے اس قسم کا نظام انسانی جسم میں بھی ہے مثلاً ایک لیور سر اٹھانے اور جھکانے کے لیے دو مربلدن کو سہارا دیتے اور تیسرا اشیا کو اٹھانے کے لیے اور آپ دیکھیں جسم کے لہر جوزیر قیقے لگا دیئے جاتے ہیں ہا جسم میں بھی ہے مثلاً ایک لیور سر اٹھانے اور جھکانے کے لیے دو مربلدن کو سہارا دیتے اور تیسرا اشیا کو اٹھانے کے لیے اور آپ دیکھیں جسم کے لہر جوزیر قیقے لگا دیئے جاتے ہیں ہا کام کر رہی ہے کوئی بے پناہ ہے کوئی بھی تخلیق آپ دیکھ لیں آپ کو غیر معمولی علم اور دانش حسن اور تحرج میں کوئی غیر معمولی علم اور دانش کام کر رہی ہے کوئی بے پناہ ہے کوئی بھی تخلیق ہو تو ہم انسان کو ہی مشین مانتا ہے تو تو اس میں بہت سارے نقائص نظر آتے ہیں انسانی مشینوں کی آوازوں گڑگڑاہٹ سے ارد گرد فواح میں دڑنے کی حالت بن جاتی ہے کہ اِن مشینوں کے شور سے پاس کھڑا ہونا بھی مشکل ہو جاتا ہے اور جب آپ خدا کی تخلیقات کی طرف دیکھتے ہیں تو خاموشی طرین کی طرف دیکھتے ہیں تو آپ کے اطراف میں کروڑوں مشین یوں چل رہی ہیں کہ کیس سے نکلی ہی آواز بھی نہیں نکلتی آپ کسی پھول کے پودے کو دیکھیں کس طرح پھول اپنے تخلیقی مراحل سے گزرتا ہے آپ آم کے درخت کو دیکھیں جو ایک مکمل فیکٹری ہے جس میں پتے شاخیں ہیں جڑوں میں پہلے بور آتا ہے جو اجمیوں میں آمیں دنیا کا بہترین ذائقہ کھٹی مٹھاس خوشبو اور لذیذ ترین رس پایا جاتا ہے اگر آپ کو فری جوس کی بوتل پینا ہو بھرنی ہو تو کوئی مشین کام کرتی ہیں جبکہ آپ خدا کی مشینوں کو دیکھیں کس طرح خاموشی اور ادب اور پراسرار طریقے سے کام کر رہی ہیں کہ کوئی شور نہیں کوئی آواز نہیں اگر قدرت کی بنائی مشینوں سے آوازیں نکلتی تو یہ زمین رہنے کے قابل نہ رہی جس طرح دھاکوں ڈرلوں ٹرین کی آواز سے آنے سے انسان جاروور بھاگ جاتے ہیں اسی طرح قدرتی مشینوں کا شور سے بھی بھاگ جاتے اور قدرتی مشینوں کی خاموشی اس خالق عظیم کے بے پناہ کمال کا ثبوت ہے رب ہے اور اللہ کو دیکھنا ہیں دڑنے کی حالت بن جاتی ہے کہ اِن مشینوں کے شور سے پاس کھڑا ہونا بھی مشکل ہو جاتا ہے اور جب آپ خدا کی تخلیقات کی طرف دیکھتے ہیں تو خاموشی ہو جاتی ہے اور آپ کے اطراف میں کروڑوں مشین یوں چل رہی ہیں کہ کیس سے نکلی ہی آواز بھی نہیں نکلتی آپ کسی پھول کے پودے کو دیکھیں کس طرح پھول اپنے مطابق ادا کرنا ہوگا۔ تاحق انسانوں کے پتے لہو کو نہ روکا گیا، قاصل راستوں کے باحصہ نہ روکے گئے تو دنیا جہنم میں تبدیل ہو جائے گی جس کی ذمہ داری اُن پر ہوگی جو ظلم ہو دیکھ رہے ہیں لیکن طاقت ہونے کے باوجود ظالم کا ہاتھ روکنے پر آمادہ نہیں۔ یہ آگ بھرانی کے عمن تک بھی پہنچ گی جو اتح الحقیقی کی سفاکانہ چادر اوڑھے آنکھیں بند کئے ہوئے ہیں۔

ضرورت اس امر کی ہے کہ اسلامی دنیا متحد ہو کر ان کاٹھ مسلمانوں کی جان اور حقوق کے لیے عملی اقدامات تیز کرے۔ اسلامی دنیا ہر لحاظ سے ایک طاقت ہے، اتحاد اور وقت کو یکجا کرنے کی ضرورت ہے۔ اسلامی کانفرنس تنظیم (او۔آئی۔سی) نے اگرچہ سفارتی محاذ پر فلسطین اور مقبوضہ جموں وکشمیر کے لئے آواز بلند کی ہے لیکن حالات کی سنگینی کا تقاضا ہے کہ امت مسلمہ کے عوام کے جذبات کی حقیقی ترجمانی کے لئے ان اعلانات کو اقدامات کی شکل دی جائے۔ تاریخ گواہ ہے کہ ظلموں نے کئی شیعہ ریاست کو معاف کیا اور نہ ہی کئی ریاست کو۔

وہی خدا ہے

تحریر: پروفیسر محمد عبداللہ بھٹی

خوش قسمت ہوتے ہیں وہ لوگ جن کی کسی ادا بات لفظ حرکت عبادت ریاضت مجاہدہ، دعا سے خالق کا کنات راضی ہو جاتا ہے اور ہمارے دل کو اپنی طرف سے بھر دیتا ہے جب کسی انسان کے دل و دماغ میں خدا کی محبت کا شعور کھلتا ہے تو اس کا کنات میں نکھرے ہوئے خدا کے مناظر میں صرف اور صرف مالک کا کنات ہی نظر آتا ہے بلاشبہ کا نات میں ہر طرف حسن نکھرا پڑا ہے یہ مسکراتے ہاتھ پھول اور ستارے گنگناتی ہوا کی ہوائیں مست گھٹائیں لہراتی ہوئی بجلیاں پہاڑوں سے پھوٹتے چشمے اور جھرنے پھر انوں سے گرتی ہوئی آبشاریں گاتی ہوئی نمیا لہ لہتی دل آویز چاندنی سنہری دھوپ غبار آلود شامیں یہ درخت باغات بارش اڑتے سرمئی بادل چار سو طرح سے جلوے نغمے ہی نغمے کا کنات میں ہر وقت رنگ و نور کی برسات جاری رہتی ہے تو یہی تو رح کے رنگ کہکشاں کی رونقیں آسمان چاند تارے ہر مظہر خدا کے وجود کی گواہی دیتا ہے ظاہر ہی خدا کے ساتھ ساتھ اِن میں ملا کی لطافت اور پیچیدگی پائی جاتی ہے وہ بیل گھیلے کے صرف ایک بال تک قدرت پہنچانے کے لیے چار سو نسوں کا جال بچھا ہوا ہے انسانی دماغ کروڑوں احصائیوں کی ترتیب ہے اور دل کی دھڑکن کسی ادا بات لفظ حرکت عبادت ریاضت مجاہدہ، دعا سے خالق کا کنات راضی ہو جاتا ہے اور پھر اس کے دل و دماغ میں خدا کی محبت کا شعور کھلتا ہے تو اس کا کنات میں نکھرے ہوئے خدا کے مناظر میں صرف اور صرف مالک کا کنات ہی نظر آتا ہے بلاشبہ کا نات میں ہر طرف حسن نکھرا پڑا ہے یہ مسکراتے ہاتھ پھول اور ستارے گنگناتی ہوا کی ہوائیں مست گھٹائیں لہراتی ہوئی بجلیاں پہاڑوں سے پھوٹتے چشمے اور جھرنے پھر انوں سے گرتی ہوئی آبشاریں گاتی ہوئی نمیا لہ لہتی دل آویز چاندنی سنہری دھوپ غبار آلود شامیں یہ درخت باغات بارش اڑتے سرمئی بادل چار سو طرح سے جلوے نغمے ہی نغمے کا کنات میں ہر وقت رنگ و نور کی برسات جاری رہتی ہے تو یہی تو رح کے رنگ کہکشاں کی رونقیں آسمان چاند تارے ہر مظہر خدا کے وجود کی گواہی دیتا ہے ظاہر ہی خدا کے ساتھ ساتھ اِن میں ملا کی لطافت اور پیچیدگی پائی جاتی ہیو بیل گھیلے کے صرف ایک بال تک قدرت پہنچانے کے لیے چار سو نسوں کا جال بچھا ہوا ہے انسانی دماغ کروڑوں

SHOWBIZ شوبز

بیٹی نہیں بیٹا ہوا، تاحال دعاؤں کی ضرورت ہے، لاریب خالد

پتہ تاحال خطرے میں ہے، پھیپھڑے اور دل صحیح سے کام نہیں کر پا رہا، یوٹیوبر

کراچی (این این آئی) یوٹیوبر لاریب خالد نے کہا ہے کہ ہمارے کمرشل نہیں بنتا ہمارے پاس وہ ہسپتال ہے، ہم اموں سے دعاؤں کی ضرورت ہے۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق یوٹیوب پر دکاشینٹ کریکٹر زرب فاطمہ اور لاریب خالد بلش آج وقت بیچ کی پیدائش ہوئی ہے جو تاحال خطرے سے دوچار ہے۔ کہ لاریب خالد نے اپنی انسٹاگرام سٹوری اور وی لاگ میں ماحوں کو بتایا کہ ہمارے گھر بھی نہیں بلکہ بیٹے کی پیدائش ہوئی ہے، انٹرنیٹ پر بچی کی پیدائش سے متعلق معلومات غلط ہیں۔ لاریب خالد نے بتایا کہ ہم معمول کے چیک اپ کیلئے ہسپتال گئے تھے

عالیہ سے پہلی ملاقات کے وقت وہ 9 اور میں 20 سال کا تھا: رنبیر

خود کو خوش قسمت سمجھتا ہوں میری شادی ایسی لڑکی سے ہوئی جو میری بیسٹ فرینڈ ہے

کینی (این این آئی) بالی وڈ اداکار رنبیر کپور نے اپنے اہلیہ اداکار عالیہ بھٹ کے درمیان عمر کے فرق سے متعلق دلچسپ انکشاف کیا ہے۔ یہ بات کسی سے ڈھکی چھپی نہیں کہ عالیہ بھٹ اور رنبیر کپور بچپن سے ہی بے حد پرانے دوست تھے، بعد ازاں لیے عرصے تک دونوں نے ایک دوسرے کو ڈیٹ کیا اور اپریل 2022 میں شادی کرلی۔ دونوں کے درمیان 1 برس کا فرق ہے اور اسی حوالے سے اداکار نے اپنی اور عالیہ کی پہلی ملاقات کے حوالے سے دلچسپ انکشافات شیئر کئے ہیں۔ ایک انٹرویو کے دوران رنبیر کپور نے بتایا کہ میری اور عالیہ کی پہلی ملاقات کے وقت اداکارہ کی عمر 9 اور میری عمر 20 سال تھی۔ رنبیر کپور نے بتایا عالیہ انتہائی قابل اور ہونہار ہے اور میں خود کو خوش قسمت سمجھتا ہوں کہ میری شادی ایسی لڑکی سے ہوئی جو میری بیسٹ فرینڈ ہے۔ ہم دونوں گھنٹوں ایک دوسرے سے باتیں کرسکتے ہیں، ہمارے درمیان 1 سال کا فرق ہے جو ایک مضحکہ خیز بات ہے۔



میں نے اپنی بیوی سونی رازدان کی وجہ سے دنوں بیٹیوں کے مسلم نام رکھے

بھیش بھٹ نے 1986 میں ادا کار سونی رازدان سے دوسری شادی کی تھی، بھیش بھٹ



کینی (این این آئی) بالی وڈ کے نامور ڈائریکٹر مہیش بھٹ نے اپنی بیٹیوں عالیہ اور شاہین کے نام مسلمانوں والے نام کیوں رکھے، فلم سازاور ہدایتکار مہیش بھٹ کا شمار بھارتی سینما کے ان معروف افراد میں ہوتا ہے جو اپنے دل کی بات زبان پر لانے میں کبھی جھجک نہیں محسوس کرتے۔ 1998 میں مہیش بھٹ کا دیا گیا ایک انٹرویو وائرل ہوا، جو اپنے ہی اصولوں پر اپنی مسلمان ماں اور ہندو باپ کے حوالے سے کھل کر بات کی تھی۔ مہیش نے بتایا تھا کہ ان کے والد نانا بھائی بھٹ ایک کٹر ہندو برہمن تھے جبکہ والدہ شیریں محمد کا تعلق ایک مسلمان خاندان سے تھا

سپر اسٹار ماہرہ خان کا ماضی کے گانے پر رقص

جب میں اداس ہوتی ہوں تو پرانے گانے سنتی ہوں اور اس پر رقص بھی کرتی ہوں

کراچی (این این آئی) سپر اسٹار ماہرہ خان نے ماضی کے مقبول بالی ووڈ گانے پر رقص کرتے کی ویڈیو سوشل میڈیا پر شیئر کردی۔ ماحوں کی جانب سے ماہرہ خان کے رقص کو خوب پسند کیا جارہا ہے۔ فوٹوز اینڈ ویڈیوز شیئرنگ ایپ انسٹاگرام پر شیئر کی گئی ویڈیو میں ماہرہ خان نے گہرا کرکوئی بھی چیز اتنی جلدی سکون نہیں دیتی جتنی جلدی موسیقی دیتی ہے۔ ماہرہ خان نے کہا کہ جب میں اداس ہوتی ہوں تو پرانے گانے سنتی ہوں اور اس پر رقص بھی کرتی ہوں۔ اداکارہ ماہرہ خان کی اس ویڈیو کو ایک دن میں ڈیڑھ لاکھ سے زائد لوگوں نے پسند کیا ہے۔

محبت ایک نہیں کئی بار ہو سکتی ہے، سدرہ نیازی

لاہور (این این آئی) معروف پاکستانی اداکارہ ماڈل سدرہ نیازی نے کہا ہے کہ انسان کو محبت ایک سے زیادہ بار بھی ہو سکتی ہے۔ سماجی میں اداکارہ سدرہ نیازی نے فحشی ڈی وی کے پروگرام میں شوبز کیریئر، نجی زندگی اور مختلف وجوہات سمیت سال لگی۔ رنبیر کپور نے بتایا عالیہ انتہائی قابل اور ہونہار ہے اور میں خود کو خوش قسمت سمجھتا ہوں کہ میری شادی ایسی لڑکی سے ہوئی جو میری بیسٹ فرینڈ ہے۔ ہم دونوں گھنٹوں ایک دوسرے سے باتیں کرسکتے ہیں، ہمارے درمیان 1 سال کا فرق ہے جو ایک مضحکہ خیز بات ہے۔ مختلف موضوعات پر کھل کر اظہار خیال کیا۔ پروگرام کے دوران اداکارہ سے محبت کے حوالے سے کیا گیا سوال کا جواب دیتے ہوئے کہا کہ انسان کو ہزار بار بھی محبت ہو سکتی ہے، محبت بھلا کوئی ایسی چیز ہے جس کو آپ کیش قید کرلیں؟ انہوں نے کہا کہ کیٹلفرڈ جس میں آزادی ہو، آپ کیٹلفرڈ محبت میں آزاد ہیں اس کو پہنچ دیں۔

سیلینا گومز نے پلاسٹک سرجری کی افواہوں کو مسترد کردیا

میری صحت کی خرابی کی وجہ سے میرا وزن بڑھ گیا تھا، میرے پاس صرف یوگا کس ہے

نیویارک (این این آئی) نامور امریکی گلوکارہ و اداکارہ سیلینا گومز نے اپنے چہرے سے متعلق افواہوں کی تردید کردی۔ سیلینا گومز کو اکثر ان کے بڑھتے ہوئی شکل وصورت اور وزن میں اتار چڑھاؤ کی وجہ سے زیادہ تنقید کا سامنا کرنا پڑتا ہے اور اب وہ ان تمام افواہوں سے تنگ آ چکی ہیں جو ان کے پلاسٹک سرجری کروانے کے حوالے سے تھیں۔ 32 سالہ گلوکارہ نے ایک نئے ٹاک ویڈیو کے جواب میں ان قیاس آرائیوں کا جواب دیا جس میں ان کی بڑھتی ہوئی شکل کے بارے میں بات کی گئی تھی۔

پڑھائی سے زیادہ کھیلوں میں اچھا تھا، ٹائیگر شروف کا انکشاف

اگر وہ اداکار نہ ہوتے تو بھارت کی انٹرنیشنل فٹبال ٹیم کے کھلاڑی ہوتے، انٹرویو

کینی (این این آئی) بھارتی اسٹار اداکار ٹائیگر شروف نے انکشاف کیا ہے کہ وہ پڑھائی سے زیادہ کھیلوں میں اچھے تھے۔ ٹائیگر شروف نے 2014 کی ہٹ فلم ہیرو پنتی سے ڈیبو کیا جبکہ اگلے بارے میں مشہور ہے کہ اگر وہ اداکار نہ ہوتے تو بھارت کی انٹرنیشنل فٹبال ٹیم کے کھلاڑی ہوتے۔ ہیرو پنتی اسٹار نے حال ہی میں ایک انٹرویو میں اپنی کھیلوں سے محبت کے بارے میں بات کی اور اسکے ساتھ ساتھ اپنی فلم ہیرو پنتی ڈبلی۔ ٹائیگر شروف نے کہا کہ میں ایک اینٹین ہوبہ ہوں، اس لیے کھیل میرے لیے بہت اہم ہے۔ کھیل زندگی کی سب سے بہترین چیز ہے۔ انہوں نے یہ بھی کہا کہ جب بھی میں کبھی کبھی کہہ رہا ہوتا تھا جبکہ فٹبال کھیل رہا ہوتا ہوں۔ میں فٹبل میدان میں اچھا کھیلتا تھا

SPORTS سپورٹس

پاکستانی ڈیکاوں نے پورٹر کی کے ٹو برف میں دبی میت نکال لی، نیچے لایا جائے گا

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان کی خاتون کوہ پیما نائلہ کیانی کی تیار کردہ ٹیم نے کے ٹو کرشنل جان بچی ہونے والے پورٹر حسن شگری کی میت سے لڈنے کی جانب سفر شروع کردیا۔ نائلہ کیانی کے مطابق کیمپ تھرڈ سے ہم نے کیمپ فور تک پاڑی آلات کا گل کاٹی دشوار گزار ہوگیا۔ اس لیے میت کو ایک ہفتہ کی مسافتی کے ہم پر دوہ ہوئی حسن شگری کی بیٹی نے اس سے میت واپسی کی درخواست کی۔ نائلہ کیانی نے بتایا کہ کے ٹو موجود درخواست کی۔ نائلہ کیانی نے بتایا کہ کے ٹو کے کیمپ تھرڈ میں ہم نے کیمپ کے ساتھ برف میں دبی میت کو نکال لیا ہے۔ ہم نے میت کو پلاسٹک میں لپیٹ دیا ہے اور اس میت کو پلاسٹک شیٹ میں لپیٹ کر کیمپ فور تک پہنچا دیا ہے۔ ہم نے میت کو برف کی جانب منتقل کردیا۔ نائلہ کیانی کے مطابق کیمپ تھرڈ سے میت کو کیمپ فور تک پاڑی آلات کا گل کاٹی دشوار گزار ہوگیا۔ اس لیے میت کو ایک ہفتہ کی مسافتی کے ہم پر دوہ ہوئی حسن شگری کی بیٹی نے اس سے میت واپسی کی درخواست کی۔ نائلہ کیانی نے بتایا کہ کے ٹو موجود درخواست کی۔ نائلہ کیانی نے بتایا کہ کے ٹو کے کیمپ تھرڈ میں ہم نے کیمپ کے ساتھ برف میں دبی میت کو نکال لیا ہے۔ ہم نے میت کو پلاسٹک شیٹ میں لپیٹ کر کیمپ فور تک پہنچا دیا ہے۔ ہم نے میت کو برف کی جانب منتقل کردیا۔

اولمپک گیمز: آسٹریلیا کی مولی اوکالغان نے ویمنز سوئمنگ فری سٹائل 200 میٹر میں طلائی تمغہ جیت لیا

